## سوال

(58)ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے جمعہ چھوڑنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے اگر ایک یا اس سے زائد بار جمعہ کی نماز چھوٹ جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت نے بغیر کسی عذر کے لگاتار تین بار جمعہ چھوڑنے سے منع کیا ہے اور اس پر سخت وعید آئی ہے۔ البتہ اگر کوئی شرعی عذر ہو مثلاًیہ کہ جمعہ کی نماز کے وقت آپریشن میں مشغول ہوجانا تو ایسی صورت میں جمعہ کی نماز کے بجائے ظہر ادا کرلینی چاہیے۔ تاہم ہمیشہ کوشش اس بات کی ہو کہ جمعہ کی نماز چھوٹنے نہ پائے۔ بات نماز پڑھنے والے کی نیت پر موقوف ہے کہ اسے واقعی شرعی عذر لاحق ہے یا نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاوی یوسف القرضاوی

### طبی مسائل، جلد:2، صفحہ:277

### محدث فتویٰ